Politics
Business
Culture

IQBAL FORUM

www.iqbalforum.org



اقبال تھنک ٹینک مختلف شعبہ جات میں ایران اور پاکستان کے تعلقات کو بہتر بنانے کے لیے تخصص کا حامل ادارہ ہے، جس میں ممتاز سیاستدانوں، سفارت کاروں، محققین، اسکالرز، یونیورسٹی اساتذہ، کمیونٹی ماہرین، تاجروں، کاروباری شخصیات، فنکاروں، کھلاڑیوں اور طلباء کی معاونت سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرتے ہوئے کوشش کی جاتی ہے کہ دونوں ممالک یعنی ایران اور پاکستان کے باہمی تعلقات کو ہر شعبہ زندگی میں بہتر کیا جاسکے۔



یہ تھنک ٹینک مکمل طور پر نجی، غیر منافع بخش ادارہ ہے، جو سیاسی دھڑوں سے آزاد اور خودمختار ہے، اس ادارے کا مرکزی دفتر اسلامی جمہوریہ ایران کے دارالحکومت تہران میں ہے اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں ایک نمائندہ دفتر بھی قائم ہے-






اقبال تھنک ٹینک نے دنیا بھر کے بہت سے سرکاری اور نجی اداروں، تھنک ٹینکس اور پالیسی ساز اداروں کے ساتھ ساتھ یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں کی بہترین روشوں سے استفادہ کرتے ہوئے اپنے لیے ایک آپریشنل ماڈل کا انتخاب کیا ہے ۔ یہ ادارہ اپنی مربوط اور دقیق سرگرمیوں کے لیے پرعزم ہے۔

ادارہ عزم رکھتا ہے کہ اسے دونوں ممالک کے اہل حل و عقد اور فیصلہ سازوں کے مابین معتبر ترین، خودمختار اور تخصص کے حامل تھنک ٹینک (حوزہ دانش) کے طور پر جانا جائے نیز امید کرتا ہے کہ یہ ادارہ اسلامی دنیا کے دیگر ممالک کے لیے بھی ایک وسیع پلیٹ فارم کی حیثیت سے اپنے بلند مقصد میں کامیابی کے ساتھ تعمیری کردار ادا کرسکے گا۔



## وژن:
ایران اور پاکستان کے تعلقات کو مختلف شعبہ ہائے حیات میں بہتر بنانے کے لیے ایک جامع اور باأثر پلیٹ فارم کی تشکیل۔

## ایران اور پاکستان کے مابین ایک جامع سپیشلائزڈ تھنک ٹینک کے قیام کی وجوہات:

دونوں ممالک کے مابین 900 کلومیٹر طویل سرحد،عوام کے مابین موجود ہزاروں ثقافتی اور مذہبی وابستگیوں کے ساتھ ساتھ شرق و غرب نیز عرب و عجم کی کشمکش میں دونوں ممالک کے جغرافیائی،سیاسی اور جیو اسٹریٹجک حالات، انتہا پسندی میں اضافہ اور خطے میں مذہب و مسلک کی بنیاد پر عوام میں تقسیم اس بات کی متقاضی ہے کہ دونوں ممالک کے مابین روابط کو بہتر بنانے کےلیے اساسی سرگرمی کا آغاز کیا جائے۔

دونوں ممالک کے تعلقات کو بہتر بنانے کےلیے انجام دی گئی سرگرمیوں کو ہم دو بنیادی چینلز میں تقسیم کر سکتے ہیں:

**1۔ آفیشل یا سفارتی چینل**
**2۔مذہبی یا مسلکی چینل**





**تھنک ٹینک کا قیام تیسرے چینل کے طور پر کام کر سکتا ہے اور پہلے اور دوسرے چینلز کی صلاحیتوں اور نتائج سے استفادہ کے علاوہ دیگر شعبوں کی صلاحیتوں سے بھی استفادہ کر سکتا ہے** نیز ایران اور پاکستان کے درمیان رابطے کے ذریعے کے طور پر بھی کردار ادا کرسکتا ہے۔

عموما ریاستوں کو ایک دوسرے کا ہمسایہ ہونا ایک دوسرے کی تہذیب کو زیادہ گہرائی سے اور بہتر طور پر سمجھنے کا باعث بنتا ہے لیکن جیسا کہ ہر قانون استثناء کا حامل ہوتا ہے، بدقسمتی سے دونوں ممالک کا ایک دوسرے کو فیصلہ سازی کی خودمختاری کی سطح پر اورعوامی سطح پرجانا اس قانون کے استثنائات میں سے ہے۔

اقبال تھنک ٹینک کوشش کرتا ہے کہ ہر دو ممالک کے مابین فیصلہ سازی کی گورننس اور عوامی سطح پرایک ایسی دقیق اور گہری درست شناخت کو وجود میں لائے جس کے سبب ابہامات کا قلع قمع ہو تاکہ اس کے نتیجہ میں بڑے اقدامات کے لیے آمادگی پیدا ہو۔

البتہ یہاں ایک انتہائی ظریف نکتہ مد نظر رہنا چاہیے کہ دونوں ممالک کے مابین ایک گہری اور دقیق شناخت اسی وقت وجود میں آسکتی ہے جب ایسی کوشش کرنے والے کسی بھی مرکز کے بانی دونوں ممالک کے حالات کے حوالے سے خود اس دقیق اور گہری شناخت تک پہنچ چکے ہوں۔

ایران اور پاکستان کے بارے میں ہمارے گہرے علم، دونوں ممالک کی خودمختاری کے فکری فلسفے ،عوام کی ثقافت اور رسوم و رواج کی گہری شناخت کے مدنظر، ہمیں یقین ہے کہ ہم ایسے مرکز کی مدیریت اور راہنمائی کے لیے بہترین انتخاب ہوں گے۔



## اقبال تھنک ٹینک کی کمیٹیاں:

### صنعتی کمیٹی:
دونوں ممالک کے صنعتکاروں کے مابین ایک صنعتی روڈ میپ کی تیاری اور دونوں ممالک کی صنعتوں کے درمیان موثرروابط قائم کرنا۔

### سیاحتی کمیٹی:
دونوں ممالک کے سرکاری اور نجی اداروں کے مابین سیاحت اور ٹورزم کے فروغ کے لیے روڈ میپ کی تیاری نیز ٹریول سروسز فراہم کرنے والی کمپنیوں کے مابین موثر رابطہ کی تشکیل۔

### ٹیکنالوجی کمیٹی:
دونوں ممالک کے سرکاری اور نجی شعبوں کے درمیان تکنیکی تعاون کے فروغ کے لیے روڈ میپ کی تیاری نیز دونوں ممالک کے کلیدی افراد کے درمیان موثر رابطہ قائم کرنا۔

### عسکری کمیٹی:
دونوں ممالک کی حکومتوں کے مابین اشتراک اور فوجی تعلقات کے لیے روڈ میپ تیار کرنا نیزخطے میں ابہامات اورمنفی سیکیورٹی تصادم کو کم کرنا۔

### توانائی کمیٹی:
دونوں ممالک کی توانائی کی ضروریات خصوصاً گیس، تیل، گیس کنڈینسیٹ، پیٹرو کیمیکل مصنوعات، تھرمل پاور پلانٹس سے بجلی، کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے سرکاری اور نجی شعبوں کے تعاون سے قابل تجدید توانائی کی فراہمی کے لیے ایک روڈ میپ تیار کرنا۔

### صحت کمیٹی:
دونوں ممالک کے درمیان صحت اور ادویات کے شعبے میں طویل المدت تعاون کے لیے روڈ میپ تیار کرنا اور اس اہم شعبے میں ایران اور پاکستان کی قابل کمپنیوں کی صلاحیتوں کو استعمال کرنا۔

**ان خصوصی کمیٹیوں میں سے ہر ایک کا حتمی ہدف دونوں ممالک کے سرکاری اور نجی شعبوں کے درمیان تعاون کو بڑھانے کے لیے ایک موثر آپریشنل پلیٹ فارم قائم کرنا ہوگا۔**

**اقبال تھنک ٹینک کے قلیل مدتی اور درمیانی مدت کے مجوزہ پروگرام:**

1۔دو زبانوں( اردو اور فارسی) پر مشتمل ایک متحرک اور فعال سائٹ کا آغاز اور اسے دونوں ممالک کے درمیان مسائل پر تجزیہ اور خصوصی مضامین کے منبع میں تبدیل کرنا۔

2۔سوشل میڈیا پر اقبال تھنک ٹینک کے صفحات کو دونوں ممالک کے درمیان رابطے کے اہم ذریعہ کے طور پر لانچ کرنا اور ان کو مرجع کی حیثیت دینے کی کوشش کرنا۔

3۔دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو بہتر بنانے اور کسی قسم کے تفرقہ اور دشمنی سے بچنے کے لیے دونوں ممالک کی میڈیا کی صلاحیت کو بروئے کار لانا۔

4۔تھنک ٹینک کے اہداف کو بہتر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے خصوصی کمیٹیوں کا قیام۔

5. متحرک اور موثر تعلقات قائم کرنا اور دونوں ممالک کے تحقیقی، ثقافتی اور سیاسی مراکز کے ساتھ تعاون کے معاہدوں کو انجام دینا نیز اپنی صلاحیتوں سے استفادہ کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان سرگرمیوں میں ہم آہنگی پیدا کرنا۔

6۔تھنک ٹینک کی تحقیقی سرگرمیوں میں دونوں ممالک کے نوجوان اور تعلیم یافتہ افراد کو زیادہ سے زیادہ شامل کرنے کے لیے ضروری ترغیب پیدا کرنا۔

7. دونوں ممالک کی یونیورسٹیوں کے درمیان بہتر روابط کے قیام کے لیے یونیورسٹیوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ مشارکت۔

8.اقبال تھنک ٹینک کے نام سے باضابطہ اشاعت کا آغاز اور اسے دونوں ممالک کے درمیان ایک خصوصی ارتباطی میگزین میں تبدیل کرنا۔

9. تھنک ٹینک اور اس کے تحت قائم خصوصی کمیٹیوں کے لیے سالانہ، سہ ماہی اور ماہانہ خصوصی کانفرنسوں، سیمینارز کا انعقاد۔

10. ایک دوسرے کے مسائل کو بہتر اور گہرائی سے سمجھنے اور فیصلے کرتے وقت اس تحقیق کو مدنظر رکھنے کے لیے دونوں ممالک کے سیاست دانوں اور حکومت کو زمینی اور حقیقت پسندانہ تحقیق اور مطالعات کا استعمال کرتے ہوئے آگاہ کرنا۔

**اختتام پر، دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے ایک جامع روڈ میپ مرتب کرنا**

Politics
Business
Culture

# IQBAL FORUM

**Tehran Office**
No.3, Dehkadeh 25th, Olympic square, Tehran, Iran
+98 21 447 447 50

**Eslamabad Office**
G 11/3 Street 88 House 419

iqbalforum.org
Hello@iqbalfroum.com
@iqbalforum @andishkadehiqbal